مطبُوعات

اُردو ادب اور اسلام حصّہ اوّل | تالیف: جناب پروفیسر ہارون الرشید شائع کردہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ۔ ۱۲-۱ ای شاہ عالم مارکیٹ۔ لاہور صفحات ۵۴۶ قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۵۰-۷ روپے سستا ایڈیشن ۵/۰ روپے۔

اسلام اگر ایک جامع تصورِ حیات اور ہمہ گیر نظامِ زندگی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ادب اور آرٹ کے بارے میں بھی اپنا ایک خاص معیار اور مخصوص نقطۂ نظر نہ رکھتا ہو۔ چنانچہ قرآن مجید اور احادیثِ نبوی میں اس سلسلے میں واضح ارشادات ملتے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں پروفیسر ہارون الرشید نے بڑی دقّتِ نظر سے اسلام کی روشنی میں اُردو ادب (نظم) کا جائزہ لیا ہے۔ شاعری کی مختلف اصناف یعنی غزل، قصیدہ، ہجو، مثنوی، مرثیہ پر اظہارِ خیال کرنے سے پیشتر فاضل مُصنّف نے اسلام کے نظریۂ ادب پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ آغاز میں پروفیسر فروغ احمد نے اسلامی ادب کے موضوع پر ایک نہایت بصیرت افروز مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔

معیار طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

الفہرست | تالیف: محمد بن اسحاق ابن ندیم ورّاق۔ اُردو ترجمہ: مولانا محمد اسحاق بھٹی۔ شائع کردہ: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ، لاہور۔ صفحات ۴۳۲۔ قیمت بیس روپے۔

زیرِ تبصرہ کتاب درحقیقت وہ پہلی انسائیکلوپیڈیا ہے جو کسی مسلمان نے مرتب کی ہے۔ اس میں چوتھی صدی ہجری تک کے علوم وفنون، سِیَر و رجال اور کتب و مصنفین کے بارے میں مستند معلومات درج ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں یہود و نصاریٰ کی کتب، قرآن مجید، نزولِ قرآن، جمع قرآن، حدیث اور فقہ اسلام میں مختلف مکاتیبِ فکر، صرف و نحو، منطق و فلسفہ، ریاضی، سحر و شعبدہ بازی، طب اور صنعت کیمیا، اس